سوال

(233) استاد اپنی بیوی سے پردہ کرائے یا نہ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص جو بچپن سے اپنے استاد کے گھر میں آتا جاتا ہے۔ بعد بلوغت بھی آمدورفت کرسکتا ہے یا نہیں۔ اور استاد اپنی بیوی سے پردہ کرائے یا نہ؟ خصوصاً جب شاگرد بھی جوان اور استاد کی زوجہ بھی جوان ہو۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بعد بلوغت پردہ کرانا ضروری ہے۔ قرآن مجید میں ہے۔

وَإِذا بَلَغَ الأَطفـٰلُ مِنكُمُ الحُلُمَ فَليَستَـٔذِنوا كَمَا استَـٔذَنَ الَّذينَ مِن قَبلِهِم ۚ سورة النور 59

ترجمہ۔ ’’یعنی جب لڑکے بالغ ہوں۔ تو وہ بڑوں کی طرح گھر میں اذن لے کر جایا کریں۔ تاکہ گھر والیاں پردہ کرلیں۔‘‘

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 191

محدث فتویٰ